# ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس کے موقع پر بانیٔ تحریک الطاف حسین کا پیغام

آج ایم کیوایم کا 26واں یوم تاسیس ہے۔18 مارچ 1984ء کو ’’آل پاکستان مہاجر اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن‘‘ کے بطن سے جنم لینے والی عوامی جماعت ’’ایم کیوایم‘‘ کی جدوجہد کے آج 26 سال مکمل ہوگئے۔اس 26 سالہ تحریکی جدوجہد کے دوران ایم کیوایم نے کئی بار آگ اور خون کے دریا عبور کئے، تحریک کے ہزاروں ساتھی مشن ومقصد پر قربان ہوگئے، بوڑھے والدین کے سہارے چھن گئے، سہاگنیں بیوہ ہوئیں، بچے یتیم ہوئے، سینکڑوں کارکنان عمر بھر کیلئے معذور ہوگئے، ہزاروں نے قیدوبند کی صعوبتیں برداشت کیں، سینکڑوں جلاوطنی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہوئے، ہزاروں خاندان دربدر ہوگئے، قربانیوں کی ایک طویل داستان ہے۔خداتعالیٰ کا شکر ہے کہ ہمارے شہیدوں کا خون رنگ لارہا ہے اور کراچی کی گلیوں اور گمنامی کی کھوکھ سے جنم لینے والی ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام آج ساتھیوں اور عوام کی بے مثال قربانیوں کی بدولت صوبہ سندھ، پنجاب، سرحد، بلوچستان، قبائلی علاقہ جات اور آزاد کشمیر سمیت ملک کے ایک ایک شہر اور قصبہ میں پہنچ چکا ہے۔یہ ایم کیوایم کے نظریہ کی سچائی ہے کہ آج یہ نظریہ جغرافیائی سرحدوں کو عبور کرتا ہوا دنیا کے مختلف ممالک میں بھی لوگوں کے دلوں میں گھر کررہا ہے اور مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانی آج بڑی تعداد میں ایم کیوایم کے قافلے میں جوق درجوق شامل ہورہے ہیں اور حق پرستی کا یہ قافلہ روزبروز اپنی منزل کی جانب بڑھ رہا ہے۔

میں آج تحریک کے ایک ایک کارکن، ایک ایک ماں، ایک بہن، ایک ایک بزرگ اور قوم کے ایک فرد کو دل کی گہرائیوں سے ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ہر فرد سے یہی کہتا ہوں کہ اپنے اتحاد کو مضبوط سے مضبوط بنائیں اور حالات کے سردوگرم اور نشیب وفراز کی پرواہ کئے بغیر تحریک کے مشن ومقصد کی کامیابی کیلئے دامے درمے قدمے سخنے کوشاں رہیں اور اس بات پر کامل یقین رکھیں کہ دنیا میں وہی تحریکیں کامیابی کی منزل پر پہنچتی ہیں جن میں شامل افراد کا یقین پختہ ہو اور جو اپنے شہیدوں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرتے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے شہیدوں کی قربانیوں کو قبول فرمائے، انکے درجات بلند فرمائے، ہمیں ثابت قدمی ومستقل مزاجی سے جدوجہد جاری رکھنے کی توفیق دے اور شہیدوں کے لہو کے صدقے ہماری تحریک کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے۔آمین

فقط آپ کا

**الطاف حسین**